CAREERINDIA

## سیکشن-A

1. اُس ہم وصف سلسلے کے پہلے دو ارکان کے مالیکیولیائی فارمولے لکھیے جس کا فنکشنل گروپ Cl– ہے۔ 1

2. موافق حالات میں اسپائی روگائیرا (spirogyra) کی تولید کے طریقے کا نام بتائیے۔ یہ طریقہ صنفی تولید (sexual reproduction) ہے یا غیر صنفی تولید (asexual reproduction) ؟ 1

3. ماحولیاتی نظام (ecosystem) کیا ہے؟ 1

4. کسی شے کو 15 cm فوکل لمبائی کے محدب آئینے کے سامنے، آئینے سے 30 cm کے فاصلے پر رکھا گیا۔ آئینے سے بننے والی شبیہہ کی چار خاصیتیں لکھیے۔ 2

5. پائیدار انتظام کیا ہے؟ بازدور (recycle) کے مقابلے میں دوبارہ استعمال (reuse) کیوں بہتر سمجھا جاتا ہے؟ 2

6. ''جنگلات اور جنگلاتی زندگی کے وسائل کا انتظام بہت چنوتی بھرا کام ہے''۔ کیوں؟ کوئی دو اسباب بتائیے۔ 2

7. کاربن کے دو مرکبات X اور Y کے مالیکیولیائی فارمولے بالترتیب $C_5H_{12}$ اور $C_4H_8$ ہیں۔ ان دونوں میں کس کے جمع تعامل (addition reaction) کو ظاہر کرنے کا زیادہ امکان ہے؟ اپنے جواب کے حق میں دلائل پیش کیجیے۔ اِس صورت میں جمع تعامل کے طریقہ کی وضاحت کرنے کے لیے کیمیائی مساوات بھی لکھیے۔ 3

8. مندرجہ ذیل کیمیائی مساواتوں کو مکمل کیجیے۔ 3

(i) $CH_3COOC_2H_5 + NaOH \longrightarrow$

(ii) $CH_3COOH + NaOH \longrightarrow$

(iii) $C_2H_5OH + CH_3COOH \xrightarrow{Conc.H_2SO_4}$

www.careerindia.com

